کیا۔ دوسرے روز 26 اکتوبر کو اسلام آباد اور راولپنڈی کی جمعیۃ کی طرف سے پریس کلب راولپنڈی میں استقبالیہ تقریب کا اہتمام کیا گیا تھا جس میں راولپنڈی، اسلام آباد کے تقریباً 300 علماء شریک ہوئے۔ قائد محترم اپنی علالت کی وجہ سے تشریف نہ لا سکے۔ استقبالیہ تقریب میں شریک علماء سے مولانا سید محمد یوسف شاہ، مولانا حامد الحق حقانی، جناب اکرام اللہ شاہد، مولانا محمد رمضان علوی، دیگر مقامی رہنماؤں اور میں نے خطاب کیا۔ اور جمعیۃ اہل سنت کے امیر مولانا اشرف علی نے دعا فرمائی۔ بعد ازاں راولپنڈی کے ہسپتال میں ہم امیر محترم حضرت مولانا سمیع الحق کی خدمت میں حاضر ہوئے اور مغرب کے بعد امیر محترم کی صدارت میں مشاورتی اجلاس منعقد ہوا، جس میں مولانا عبدالخالق ہزاروی، مولانا محمد رمضان علوی، مولانا سید محمد یوسف شاہ، مولانا حامد الحق حقانی، جناب اکرام اللہ شاہد اور راقم الحروف عبدالرؤف فاروقی نے شرکت کی اور باہمی مشاورت سے مرکزی مجلس عاملہ کی تشکیل کی گئی اور امیر محترم نے تمام عہدوں پر چاروں صوبوں کو نمائندگی دیتے ہوئے مرکزی عہدیداروں کی منظوری دی اور اس طرح الحمدللہ آئندہ کی دستوری مدت کیلئے جمعیۃ علماء اسلام پاکستان کے مرکزی ذمہ داران کی نامزدگی کا عمل مکمل ہو گیا۔

مجلس عاملہ مرکزی جمعیۃ علماء اسلام پاکستان

سرپرست اعلیٰ: شیخ الحدیث حضرت مولانا نعمت اللہ صاحب کوہاٹ۔ سرپرست: حضرت مولانا میاں محمد اجمل قادری لاہور۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد اسفندیار خان کراچی، مولانا سید عبیداللہ شاہ اسلام آباد۔ حضرت مولانا عبدالمجید صاحب کہروڑ پکا۔ حضرت مولانا عبدالکریم صاحب ژوب۔

امیر: قائد جمعیت مولانا سمیع الحق صاحب اکوڑہ خٹک، نائب امیر: میاں محمد عارف ایڈووکیٹ گوجرانوالہ۔ نائب امیر: مولانا حافظ حسین احمد مروان۔ مولانا قاری عبدالمنان انور کراچی۔ مولانا بشیر احمد شاد چشتیاں، مولانا پیر سیف الرحمٰن درخواستی راجن پور۔ نجم الدین درویش ژوب۔ سیکرٹری جنرل: حضرت مولانا عبدالرؤف فاروقی لاہور۔ ڈپٹی سیکرٹری: مولانا مفتی محمد عثمان یار خان کراچی۔ مولانا حامد الحق حقانی صاحب اکوڑہ خٹک، مولانا شاہ عبدالعزیز مجاہد کرک، ایڈووکیٹ ظہیر الدین بابر لاہور۔ مولانا محمد شفیق دولت زئی قلعہ سیف اللہ۔ سیکرٹری مالیات: مولانا عبدالخالق صاحب اسلام آباد۔ سیکرٹری اطلاعات: مولانا عاصم مخدوم لاہور۔ معاون سیکرٹری اطلاعات: حافظ محمد ایوب ڈیروی پشاور۔ سالار: مولانا فتح محمد چمنی چمن۔ ترجمان جمعیت: مولانا محمد سید یوسف شاہ اکوڑہ خٹک

محترم! جمعیۃ علماء اسلام کی اس نئی صف بندی میں امیر مرکزیہ حضرت مولانا سمیع الحق کی قیادت میں مجھ جیسے چھوٹے آدمی پر ایک بڑی ذمہ داری عائد کی گئی ہے جس سے عہدہ برا ہونے کیلئے مجھے اللہ تعالیٰ کی نصرت اور آپ کے تعاون کی اشد ضرورت ہے۔ دستور میں طے کئے گئے نصب العین کے مطابق ہم ملکر ایک انتھک مخلصانہ جدوجہد کا آغاز کریں تو اس قافلہ حق کو منظم کرنے اور ملکی و بین الاقوامی طور پر جمعیۃ کو ایک عظیم سیاسی قوت بنانے میں ہم اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ میری آپ سے درخواست ہے کہ اس کام کیلئے کمربستہ ہو جائیں اور دعاؤں میں خاص طور پر یاد رکھیں۔

والسلام: عبدالرؤف فاروقی (جنرل سیکرٹری جمعیۃ علماء اسلام پاکستان) (0300 4731347)